حصہ الف (کثیر انتخاب سوالات)

سوال ا۔ مندرجہ ذیل میں سے صحیح جواب کا انتخاب کریں۔

ا۔ ایک جگہ چھوڑ کر کسی دوسری جگہ منتقل ہو جانے کو کیا کہتے ہیں؟
(الف) نصرت (ب) ہجرت
(ج) سیاحت (د) ان میں سے کوئی نہیں

۲۔ زکوۃ کے لفظی معنی ہیں۔
(الف) مدد کرنا (ب) پاک کرنا
(ج) حکم ماننا (د) ان میں سے کوئی نہیں

۳۔ سورۃ الممتحنہ میں اللہ تعالیٰ سے اپنے باپ کیلئے مغفرت کی دعا مانگی۔
(الف) حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (ب) حضرت ابراہیم علیہ السلام
(ج) حضرت داؤد علیہ السلام (د) حضرت سلیمان علیہ السلام

۴۔ بکرۃ واصیلا کے معنی ہیں۔
(الف) دان رات (ب) صبح شام
(ج) کبھی کبھار (د) ہر وقت

۵۔ الحناجز کے معنی ہیں۔
(الف) گردن (ب) سر
(ج) بازو (د) گلے

۶۔ زمین پر اللہ کا نائب اور خلیفہ قرار دیا گیا ہے؟
(الف) فرشتوں کو (ب) انسانوں کو (ج) جنوں کو (د) جانوروں کو

۷۔ غزوہ بدر میں مسلمانوں کی مدد کی گئی۔
(الف) دولت سے (ب) فوج سے (ج) فرشتوں سے (د) اسلحہ سے

۸۔ کذاب کے معنی ہیں۔
(الف) عادت (ب) بیماری (ج) رواج (د) مزاج

۹۔ عرض الدنیا کے معنی ہیں۔
(الف) قیامت کے فائدے (ب) سفر کے فائدے
(ج) دنیا کے فائدے (د) ان میں سے کوئی نہیں

۱۰۔ اسری کے معنی ہیں۔
(الف) مسافر (ب) چور (ج) قیدی (د) مہمان

۱۱۔ جار کے معنی ہیں۔
(الف) مخالف (ب) معاون (ج) دشمن (د) اس میں سے کوئی نہیں

۱۲۔ قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ نے حضرت ایوب علیہ السلام کو ________ کرنے کا حکم دیا۔
(الف) شکر (ب) جہاد (ج) صبر (د) عبادت

۱۳۔ سورۃ الممتحنہ میں کل آیات ہیں۔
(الف) دس (ب) پندرہ (ج) بیس (د) پانچ

۱۴۔ قرآن کریم کے ایک حرف کی تلاوت پر نیکیاں ملتی ہیں۔
(الف) دس (ب) پندرہ
(ج) بیس (د) پانچ

۱۵۔ وضو میں کل فرائض ہیں۔
(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

حصہ ب (مختصر جواب کے سوالات)

نوٹ۔ مندرجہ ذیل سوالات میں کسی بھی 9 سوالات کے جواب تحریر کریں۔ ہر سوال کے چار نمبر ہیں۔

سوال ۲۔ مندرجہ ذیل آیات میں کسی ایک آیت مبارکہ کا مفہوم بیان کریں

(الف) ولا تکونو کالذین قالو اسمعنا وھم لایسمعون (ب) وما رمیت اذرمیت ولکن اللہ رمیٰ

سوال ۳۔ کفار کے ساتھ مقابلے کی صورت میں سورۃ الانفال میں کیا ہدایات دی گئی ہیں؟

سوال ۴۔ اللہ تعالیٰ نے سورۃ الانفال میں قیدیوں کے بارے میں کیا ارشاد فرمایا ہے؟

سوال ۵۔ منہ بولے بیٹوں کے بارے میں سورۃ الاحزاب میں کیا ہدایات دی گئی ہیں؟

سوال ۶۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود وسلام کی کیا اہمیت ہے اور اس کے متعلق کیا حکم دیا گیا ہے؟

سوال ۷۔ سورۃ الممتحنہ میں اللہ تعالیٰ نے کس طرح کے کفار کے ساتھ عدل واحسان کی اجازت دی ہے؟

سوال ۸۔ مندرجہ ذیل احادیث میں کسی بھی ایک حدیث کا ترجمہ لکھیں۔

(الف) خیر کم من تعلم القرآن وعلمہ

(ب) لیس منا من لم یرحم صغیرنا ولم یوقر کبیرنا

سوال ۹۔ اللہ تعالیٰ سے محبت سے کیا مراد ہے؟

سوال ۱۰۔ زکوۃ کا مفہوم اور اسکی فرضیت بیان کیجئے۔

سوال ۱۱۔ غسل کرنے کا مسنون طریقہ کیا ہے؟

سوال ۱۲۔ زوجین کے ایک دوسرے پر کیا حقوق ہیں؟

سوال ۱۳۔ جہاد سے کیا مراد ہے؟

حصہ ج (تفصیلی جواب کے سوالات)

نوٹ۔ مندرجہ ذیل سوالات میں کسی بھی 3 سوالات کے جواب تحریر کریں۔ ہر سوال کے 8 نمبر ہیں۔

سوال ۱۴۔ سورۃ الانفال میں مومنوں کی کیا صفات بیان کی گئی ہیں۔

سوال ۱۵۔ سورۃ الممتحنہ کی روشنی میں اہل ایمان کا اسلام دشمن کافروں کے ساتھ رویہ کیا ہونا چاہیے۔؟

سوال ۱۶۔ درج ذیل حدیث مبارکہ کا ترجمہ کرکے وضاحت کے ساتھ تشریح کریں۔

الراشی والمرتشی فی النار

سوال ۱۷۔ قرآن مجید کی روشنی میں علم کی اہمیت بیان کریں۔

سوال ۱۸۔ قرآن وسنت میں شکر کیا اہمیت ہے؟